سوال

میدان میں جمعہ پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کی نماز تاخیر سے پڑھی گئی۔ عید گاہ ہی میں جمعہ کا وقت ہوگیا۔ اگر جامع مسجد پہنچ کر پڑھیں تو وقت نہیں رہے گا۔ کیا عید میں جمعہ پڑھ سکتے ہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے :

«جعلت لی الارض کلھا مسجدا» (الحدیث)

اس حدیث کا یہی مطلب ہے کہ جہاں وقت ہوجائے نماز پڑھ لی جائے۔ مسجد میں پہنچنے کی خاطر قضا نہ کی جائے۔ نہ اول وقت ضائع کیا جائے جس میں خدا کی رضا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، مساجد کا بیان، ج2ص28